# چکتے اور خشک جلد

## ایک عام پریشانی ہے جس کا علاج کرنا آسان ہے

شروع میں بچوں کے جسم پر چکتے پڑنا عام بات ہے کیوں کہ ان کی جلد مختلف ماحول کے مطابق ڈھلتی ہے۔ اگر آپ کے بچہ کے جسم پر چکتے پڑیں اور وہ بیمار لگیں تو اپنے جی پی سے رابطہ کریں۔ زیادہ تر چکتے ایسے نہیں ہوتے جن کے بارے میں فکر کی جائے لیکن گردن توڑ بخار کی علامات سے آگاہ رہیں۔

### نیپی سے متعلقہ چکتہ

نیپی سے متعلقہ چکتہ بہت عام ہے اور بہت سے بچوں کو متاثر کر سکتا ہے۔ یہ عام طور پر اس وقت ہوتا ہے جب آپ کے بچہ کی جلد اس پیشاب اور پاخانہ کے ربط میں آتی ہے جو ان کے نیپی میں جمع ہوتا ہے۔ نیپی سے متعلقہ چکتہ آپ کے بچہ کی جلد میں تکلیف ہونے کا سبب بنتا ہے۔

نیپی سے متعلقہ زیادہ تر چکتوں کا علاج ایک سادہ سی جلدی نگہداشت کے معمول سے اور ایک ایسی کریم کے ذریعہ کیا جاسکتا ہے جو آپ فارماسسٹ سے پا سکتے ہیں۔ نیپی سے متعلقہ ہلکے چکتے کی صورت میں، آپ کا بچہ عام طور پر بہت زیادہ بے چینی نہیں محسوس کرے گا۔

### خشک جلد

بچہ کی جلد زیادہ باریک ہوتی ہے اور اسے اضافی نگہداشت کی ضرورت ہوتی ہے۔ نومولود بچوں میں خشک، پرت دار جلد، کچھ داغ، دھبے اور ہلکے چکتے عام بات ہیں اور قدرتی طور پر ختم ہوجائیں گے۔ اگر آپ کا بچہ بصورت دیگر ٹھیک ہے لیکن اس کے جسم پر چکتہ ہے اور آپ اس کے بارے میں فکرمند ہیں تو اپنے معائنہ کار صحت یا جی پی سے رابطہ کریں۔

#### فارماسسٹ کہتے ہیں

تشریف لائیں اور ان کریموں کے بارے میں ہم سے بات کریں جو ہم آپ کو بغیر نسخہ کے فراہم کرسکتے ہیں۔

نیپی کریم کی دو قسمیں دستیاب ہیں۔ ایک آپ کے بچہ کی جلد سے پیشاب کو دور رکھنے کے لئے بیریئر کریم ہے۔ دوسری ایک طبی کریم ہے جو کسی بھی قسم کی تکلیف کو ختم کرنے کے لئے ٹھیک ہے لیکن صرف اسی صورت میں استعمال کی جانی چاہئے جب طبی پیشہ کے کسی فرد کے ذریعہ اس کی صلاح دی گئی ہو۔

#### نیپی سے متعلقہ چکتے کے بارے میں معائنہ کار صحت کے اشارات

- اپنے بچہ کو بغیر کپڑوں یا نیپی کے کسی گرم، محفوظ جگہ میں رکھیں، تاکہ ان کی جلد میں ہوا لگ سکے۔
- بیریئر کریم استعمال کریں۔
- ان کا نیپی برابر بدلنا اور دیکھتے رہنا نہ بھولیں۔

#### کریڈل کیپ (سر کی پپڑی) کے بارے میں معائنہ کار صحت کے اشارات

**یہ نومولود بچوں میں کھوپڑی کو متاثر کرنے والی لیسدار پیلے اور بھورے رنگ کی پپڑیوں اور پرت کو دیا گیا نام ہے۔**

پپڑیوں کو ادھیڑیں نہیں کیونکہ اس سے انفیکشن کا خطرہ بڑھ سکتا ہے۔ یہ سنگین کیفیت نہیں ہے اور یہ متعدی نہیں ہے۔ یہ عموماً خارشی نہیں ہوتی ہے اور عموماً ہفتوں سے لے کر چند مہینوں میں صاف ہو جائے گی۔

رات میں کھوپڑی پر بچے والے یا نباتی تیل (نہ کہ زیتون کا تیل) کی آہستگی سے مالش کرنا پپڑیوں کو نرم اور ڈھیلا کرنے میں مدد کر سکتا ہے۔ صبح میں نرم بے بی برش یا کپڑا استعمال کر کے ڈھیلی ڈھالی جلد کی کسی پپڑی کو آرام سے اتاریں۔ اگر پپڑی کے ساتھ کوئی بال نکل جاتا ہے تو یہ پھر سے اگ جائے گا۔ بچے کے سر اور کھوپڑی کو بے بی شیمپو سے آرام سے دھوئیں۔

اگر چکتہ پھیل جاتا ہے یا کوئی انفیکشن اور رطوبت کا بہاؤ ہو تو اپنے معائنہ کار صحت سے بات کریں۔

ماخذ: NICE کلینکل نالج سمریز 2013

NHS

**1**

نیپی کی جگہ کے گرد ایک سرخ، تکلیف دہ چکتہ ہے۔ بچہ بے چین ہے اور بہت زیادہ روتا ہے۔

**2**

کیا بچہ کافی دیر تک گندے نیپی میں رہا ہے؟ کیا آپ نے اپنے معائنہ کار صحت کی طرف سے دی گئی صلاح پر عمل کیا ہے، یا اپنے فارماسسٹ سے بات کی ہے؟

**3**

نیپی کثرت سے بدلیں۔ اگر آپ فکرمند ہوں تو اپنے جی پی سے ملیں۔